اسلامیات (لازمی) (برائے جماعت نہم)

وقت: ۱۵ منٹ　　سیکشن (الف)　　برائے اردو میڈیم طلباء　　نمبر: ۱۰

سوال نمبر I:۔ مندرجہ ذیل سوالات کیلئے درست جوابات کا انتخاب کریں۔ اور اپنا انتخاب یعنی (الف، ب، ج یا د) ہر جُز کے سامنے دیئے ہوئے خالی خانہ میں لکھیں۔

(۱) تَسْتَغِيْثُوْنَ کے معنی ہیں۔ [ج]

(ا) تم غصہ کرتے ہو　(ب) تم تعریف کرتے ہو　(ج) تم فریاد کرتے ہو　(د) تم منع کرتے ہو

(۲) مُوْهِنُ کے معنی ہیں۔ [د]

(ا) بنانے والا　(ب) جادو کرنے والا　(ج) خرچ کرنے والا　(د) کمزور کرنے والا

(۳) يَوْمَ الْفُرْقَانِ کے معنی ہیں۔ [ج]

(ا) ملنے کا دن　(ب) موت کا دن　(ج) فیصلے کا دن　(د) جدائی کا دن

(۴) تَرَائَتِ کے معنی ہیں۔ [ج]

(ا) پیٹھ پھیرتے ہیں　(ب) دریافت کرتے ہیں　(ج) آمنے سامنے ہوئے　(د) پھیل جاتے ہیں

(۵) وَلَا تَنَازَعُوْا کے معنی ہیں۔ [ج]

(ا) جھوٹ نہ بولو　(ب) ادب سے پیش آؤ　(ج) جھگڑا نہ کرو　(د) عزت کرو

(۶) اَسْرٰی کے معنی ہیں۔ (ا) کچلنا　(ب) پناہ　(ج) فائدہ　(د) قیدی [د]

(۷) وضو کے.....فرائض ہیں۔ (ا) 2　(ب) 3　(ج) 4　(د) 5 [ج]

(۸) قرآن مجید رسول اللہ ﷺ پر.....سال میں نازل ہوا۔ [ج]

(ا) 21　(ب) 19　(ج) 23　(د) 29

(۹) دَابِرَ کے معنی ہیں۔ [ج]

(ا) تنا　(ب) شاخ　(ج) جڑ　(د) پھول

(۱۰) ذَاتِ الشَّوْكَةِ کے معنی ہیں۔ [ب]

(ا) عظیم کارنامہ　(ب) اسلحہ اور قوت　(ج) شان و شوکت　(د) ان میں کوئی نہیں

نوٹ:۔ سیکشن (ب) اور سیکشن (ج) کیلئے کل وقت 2 گھنٹے اور 40 منٹ ہیں۔

سیکشن (ب)　　نمبر: ۲۵

سوال نمبر II:۔ درج ذیل میں سے پانچ (5) اجزاء کے مختصر جوابات لکھیں۔ ہر جزو کے تین نمبر ہیں۔

(۱) قرآن مجید کا مختصر تعارف بیان کریں؟

(۲) کفار کے مطالبے کے باوجود اللہ تعالیٰ نے ان پر عذاب کیوں نازل نہ کیا؟

(۳) وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى کا ترجمہ و مختصر تشریح بیان کریں۔

(۴) سورۃ انفال میں تقویٰ کے کیا انعامات بیان ہوئے ہیں؟

(۵) وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ آیت کا ترجمہ و مختصر تشریح بیان کریں۔

(۶) وَاِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا میں واقعہ کی طرف اشارہ ہے؟

(۷) طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ وَّمُسْلِمَةٍ کا ترجمہ و تشریح بیان کریں۔

سیکشن (ج)　　نمبر: ۱۵

نوٹ:۔ کوئی سے دو سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ ہر سوال کے نمبر برابر ہیں۔

سوال III:۔ (الف) کفار کی جانب سے عہد شکنی کی صورت میں اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ کو کیا ہدایات ارشاد فرمائیں؟

(ب) اِنَّ اَكْمَلَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِيْمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا حدیث مبارکہ کا ترجمہ و تشریح بیان کریں۔

سوال IV:۔ (الف) اللہ تعالیٰ کی محبت سے کیا مراد ہے؟

(ب) خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَهٗ حدیث مبارکہ کا ترجمہ و تشریح بیان کریں۔

سوال V:۔ (الف) وَاعْلَمُوْا اَنَّمَا اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ آیت کا ترجمہ و تشریح بیان کریں۔

(ب) رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کیوں ضروری ہے؟

www.ilmkidunya.com